# 13 سب سے لمبا قدم

4206CH13

ایک پارک میں تین دوست ایک خرگوش، ایک ہاتھی اور ایک ہرن ساتھ ساتھ کھیل رہے تھے۔





not to be republished

انھوں نے کھیل شروع کیا۔

ارے یہ کیا، آخر میں کھیل تو ہاتھی نے جیت لیا۔

- کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ہاتھی نے کھیل کیوں جیتا؟
- کون سب سے بڑا قدم اُٹھاتا ہے؟
- اس کہانی کو ڈرامے کی طرح کرو۔

## عملی کام




- 4-3 دوستوں کا ایک گروپ بنایئے۔ لکیریں بنا کر معلوم کیجیے کہ کس کہ قدم سب سے لمبے ہیں؟
- بیچ کی دوری معلوم کیجیے۔

a) آپ کی کلاس کی کوئی بھی کھڑکی اور دروازے کی

b) جہاں آپ بیٹھے ہیں وہاں سے بلیک بورڈ کی

## ہاتھ یا انگلیاں؟




رجت کچھ چیزوں کی لمبائی اپنے ہاتھ کی بالشت کا استعمال کر کے معلوم کرنا چاہتا ہے۔ یہ چیزیں تصویر میں دکھائی گئی ہوں۔

★ ان سبھی چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے کے لیے کیا وہ بالشت کا استعمال کرسکتا ہے؟

★ آپ کے چاروں طرف ایسی کون سی چیزیں ہیں جن کی لمبائی آپ کی بالشت سے چھوٹی ہیں؟ ان کے نام بتایئے۔

★ آپ ان چیزوں کی لمبائی معلوم کرنے کے لیے، کس چیز کا استعمال کریں گے؟

## عملی کام




مٹی کا ایک گھر بنایئے۔ دیکھیے کس کا گھر اونچا ہے۔ آپ اپنے مٹی کے گھر کی اونچائی ناپنے کے لیے اپنی انگلیوں کا استعمال کرسکتے ہو۔

★ کس نے سب سے اونچا مٹی کا گھر بنایا؟

★ کس نے سب سے چھوٹا مٹی کا گھر بنایا؟

## اندازہ لگایئے

ان دو ناریل کے پیڑوں کو دیکھیے۔ اگر بڑا پیڑ 6 میٹر اونچا ہے تو چھوٹا پیڑ کتنا اونچا ہوگا؟




© NCERT not to be republished




## اپنے اندازے کی جانچ کیجیے


نیچے دی گئی چیزوں کی لمبائی یا اونچائی کا اندازہ لگایئے
اپنے جواب کی جانچ کرنے کے لیے ان چیزوں کو ناپیے

| چیزوں کے نام | میرا اندازہ | میرا نتیجہ |
|---|---|---|
| گلاس  | ________انگلیاں | ________انگلیاں |
| بالٹی  | ________بالشت | ________بالشت |
| آپ کا ہاتھ  | ________ماچس کی تیلیاں | ________ماچس کی تیلیاں |
| ٹیچر کی میز  | ________بالشت | ________بالشت |
| آپ کی ناک  | ________انگلیاں | ________انگلیاں |
| پانی کی بوتل  | ________انگلیاں | ________انگلیاں |
| آپ کے بال  | ________بالشت | ________بالشت |

انگلیاں (انگل)، بالشت اور ماچس کی تیلیاں وغیرہ جیسی اکائیوں کا صحیح استعمال کر کے بچوں کو دکھایئے۔ بچوں سے کہیے کہ وہ مختلف چیزیں لیں اور پھر ان کو مختلف اکائیوں کی مدد سے ناپیں۔

© NCERT not to be republished


## بلّی کا کھانا۔ چوہا یا دودھ؟



© NCERT not to be republished

- اپنی انگلیوں کا استعمال کر کے چوہے اور دودھ کے درمیان کا فاصلہ ناپیے ________ انگل۔
- چوہے سے بلی کتنی دور ہے؟ ________ اُنگل
- دودھ سے بلی کتنی دور ہے؟ ________ اُنگل
- بلی کس کے پاس پہلے پہنچے گی ________ چوہے یا دودھ؟
- کیا چوہا اپنے آپ کو بچا سکتا ہے؟ کیسے؟
- اس تصویر کا استعمال کر کے ایک کہانی بنائیے؟
- چوہے کی دم کتنی لمبی ہے؟ ________ اُنگل
- کس کی مونچھیں زیادہ لمبی ہیں؟ چوہے کی یا بلی کی؟

## ناپیے اور بنایئے۔





- پتھر سے دو اُنگل کی دوری پر ایک پتی بنایئے۔
- بندر سے 5 ماچس کی تیلی کی دوری پر ایک کیلا بنایئے۔
- پتھر سے 7 اُنگل کی دوری پر ایک پتنگ بنایئے۔
- پتنگ سے 3 ماچس کی تیلی کی دوری پر ایک بادل بنایئے۔
- کیلے سے 4 اُنگل کی دوری پر ایک چڑیا بنایئے۔

صفحہ پر اپنی تصویر بھی کہیں بنا لیجیے۔ دیکھیے آپ بندر کی ناک سے کتنی دوری پر ہیں؟

دی گئی چیزوں کی کسی بھی سمت میں بچوں کو ناپنے دیجیے۔ وہ مختلف سمتوں میں فاصلوں کو ناپیں گے۔ اس کی مدد سے کلاس میں مختلف سمتوں کے بارے میں بات چیت ہوسکتی ہے۔

© NCERT not to be republished

## ایسا، کیسا ہے؟

سنجو اور اس کی سہیلی اپنے جسم کے حصّوں کو ناپنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ذرا دیکھیے تو انھوں نے کیا کیا معلوم کرلیا ہے۔




a) کیا آپ ان کی باتوں کو صحیح مانتے ہیں؟

b) جانچ کیجیے کہ آپ کے کتنے دوستوں کا —

1) ایک بالشت لمبا منہ ہے ____________

2) ہاتھ اور پیر کی لمبائی برابر ہے ____________

3) ماتھے کی چوڑائی 4 اُنگل ہے ____________

c) آپ اپنے جسم کے دوسرے حصوں کی لمبائی بھی اپنے اُنگل سے معلوم کرسکتے ہیں معلوم کرکے ان کی لمبائی معلوم کیجیے۔

1) آپ کی ناک ____________ اُنگل لمبی ہے۔

2) آپ کے کان ____________ اُنگل لمبے ہیں۔

یہاں پر دیے گئے جسم کے حصوں کی لمبائیوں کا اندازہ یکساں ہے۔ اس مشق کا مقصد صرف یہ ہے کہ جسم کے حصوں کی مدد سے بھی پیائش کی جاسکتی ہے۔ یہ جسم کے حصوں کی لمبائیوں کے لیے کوئی دعوی نہیں کیا جارہا ہے۔

© NCERT not to be republished